Est. 1939 ABC CERTIFIED

بلوچستان کے عوام کا بے باک ترجمان

بلوچستان کا قدیم ترین اردو روزنامہ

روزنامہ

نعرۂ حق

کوئٹہ

Daily Nara-e-Haq Quetta

رجسٹرڈ نمبر: 706

چیف ایڈیٹر: عصمت اللہ کاکڑ

Daily.naraehaq@gmail.com

جلد نمبر 85 | 13 صفر 1448ھ | منگل 28 جولائی 2026 | قیمت 6 روپے | شمارہ نمبر 135

بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ اور تجارت کے مواقع میں اضافہ حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی

بلوچستان قدرتی وسائل، جغرافیائی اہمیت اور معاشی امکانات کے اعتبار سے بے پناہ صلاحیتوں کا حامل صوبہ ہے، جس سے بھرپور استفادہ کرتے ہوئے سرمایہ کاری، صنعت اور تجارت کو فروغ دیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس پیر کے روز چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی زاہد سلیم، بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بادل خان کاکڑ، چیف ایگزیکٹو آفیسر قائم خان لاشاری، پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی اجلاس میں بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے مختلف ایجنڈوں پر تفصیلی غور کیا گیا جبکہ بورڈ آف گورنرز نے مختلف مالیاتی اور انتظامی امور کی منظوری بھی دی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں مایہ کاری کے فروغ اور تجارت کے مواقع میں اضافہ حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاروں کو سازگار، شفاف اور کاروبار دوست ماحول کی فراہمی کے لیے تمام متعلقہ

بقیہ نمبر 1 صفحہ نمبر 3

آزاد کشمیر میں پیپلز پارٹی کی حکومت بنے گی، راجہ پرویز اشرف

پیپلز پارٹی نے کشمیر میں ترقیاتی منصوبے مکمل کیے، مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر اجاگر کیا، سابق وزیراعظم

لاہور (این این آئی) سابق وزیراعظم اور پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ بلاشبہ پاکستان پیپلز پارٹی پورے آزاد کشمیر کے لوگ اعتماد کرتے ہیں، پیپلز پارٹی نے ہمیشہ اپنے دور حکومت میں کشمیر میں تعمیر وترقی کی نئی تاریخ رقم کی ہے۔ اپنے ویڈیو پیغام میں انہوں نے کہا کہ آج میرپور ڈویژن پاکستان پیپلز پارٹی نے

بقیہ نمبر 4 صفحہ نمبر 3

اسرائیل غزہ میں عالمی فورس کے داخلے پر متفق، سلامتی کونسل کا خیر مقدم

غزہ (این این آئی) غزہ کی پٹی میں جنگ کے بعد کے مرحلے سے متعلق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے منصوبے کے اعلان کے بعد سے پہلے قدم کے طور پر اسرائیلی سکیورٹی و سیاسی امور کی منتی کابینہ نے بین

بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 3

ٹیکنالوجی کا موثر استعمال ایک خوفناک، موثر اور عوام دوست عدالتی نظام کی طرف منتقلی کے لیے ناگزیر ہے، چیف جسٹس

پنجاب بار کونسل کے ایک اعلیٰ سطحی وفد سے ملاقات میں انٹرنیٹ، ڈیجیٹل جوڈیشل ایکوسٹم کے ذریعے جاری اقدامات سے عدلیہ کو آگاہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) پنجاب بار کونسل کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے چیئرمین پاکستان بار کونسل کے نائب چیئرمین اگیزیکٹو کمیٹی، ملک غلام عباس ثانہ کی قانونی پیشہ ورانہ سے جاری رابطوں کے سلسلے کا خصوصی وفد کی قیادت پنجاب بار کونسل کے نائب چیئرمین خواجہ قیصر بٹ نے کی۔ وفد میں فخر حیات اعوان چیئرمین اگیزیکٹو کمیٹی، ملک غلام عباس ثانہ

بقیہ نمبر 2 صفحہ نمبر 3

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے بورڈ آف گورنرز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ادارہ کی ڈیجیٹلائزیشن ناگزیر ہو چکی ہے

عطاء تارڑ

میڈیا کی آزادی اور مضبوط رپورٹنگ، الیکٹرانک میڈیا کسی بھی جمہوری معاشرے کی بنیادی ضرورت ہیں اور حکومت صحافیوں کو درپیش مسائل کے حل اور میڈیا کے فروغ کے لیے اپنا کردار جاری رکھے گی۔ انہوں نے نیشنل پریس کلب کے لیے پاورگرڈ، ہیلتھ کارڈ، خصوصی گرانٹ اور دیگر ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے بھی تعاون کی یقین دہانی کرائی

نئی ویب سائٹ سے نیشنل پریس کلب کے انتظامی امور میں نمایاں بہتری آئے گی اور اس سے ادارے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے میں مدد ملے گی۔ وفاقی وزیر نے اعلان کیا کہ نیشنل پریس کلب میں آئندہ دو ماہ کے اندر جدید ڈیجیٹل لیب قائم کی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے نیشنل پریس کلب اسلام آباد کی نئی ویب سائٹ کا افتتاح کرتے ہوئے دو ماہ کے اندر جدید ڈیجیٹل لیب کے قیام کا اعلان کیا۔ انہوں نے صحافیوں کی فلاح، ڈیجیٹل مہارتوں کے فروغ، ہاؤسنگ، ہیلتھ کارڈ، روزگار کے تحفظ اور میڈیا انڈسٹری کے مسائل کے حل کے لیے حکومتی تعاون جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی، جبکہ نیشنل پریس کلب کی جانب سے انہیں اعزازی رکنیت بھی دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے نیشنل پریس کلب اسلام آباد کا دورہ کیا جہاں انہوں نے پریس کلب کی نئی ویب سائٹ کا افتتاح کیا اور ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ دور میں اداروں

بقیہ نمبر 5 صفحہ نمبر 3

پاکستان اور امریکہ کا تعلیم، تحقیق، سائبر سکیورٹی اور ٹیکنالوجی میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

پاکستان سائنس، ٹیکنالوجی اور جدت کے شعبوں میں امریکہ کا ایک قابل اعتماد شراکت دار بننے کے لیے پرعزم ہے، خالد جمیل صدیقی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت ڈاکٹر خالد جمیل صدیقی نے امریکی کانگریس وفد سے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور امریکہ کے درمیان تعلیم، تحقیق، سائبر سکیورٹی، آئی ٹی ٹیلنٹ، انٹرپرینیور ٹیکنالوجی اور ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ میں تعاون کو مزید وسیع کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے امریکی کانگریس وفد کا پاکستان آمد پر خیر مقدم کیا۔ وفد میں کانگریس مین مائیکل شیر، ہام گارنلو اور کانگریس مین

بقیہ نمبر 6 صفحہ نمبر 3

پاکستان کے دفاع کیلئے جاندار قربانی کرنے والے شہدا قوم کا قیمتی اثاثہ ہیں

صدر زرداری

کیپٹن محمد سرور شہید نے فرض، شجاعت اور حب الوطنی کی لازوال مثال قائم کی، پاکستان کے پہلے نشان حیدر حاصل کرنے والے کیپٹن محمد سرور شہید کا نام عظیم سپوتوں میں ہمیشہ زندہ رہے گا، صدر زرداری

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان کے پہلے نشان حیدر حاصل کرنے والے کیپٹن محمد سرور شہید کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے آزادی کشمیر اور وطن کے دفاع کیلئے جان کا نذرانہ دے کر فرض شناسی، شجاعت اور حب الوطنی کی ایسی لازوال مثال قائم کی جو ہمیشہ قوم کیلئے باعث فخر رہے گی۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق

بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 3

ہیپاٹائٹس سے بچنے کیلئے مفت علاج کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے

شہباز شریف

2030 تک مرض کو بھکت عامہ کے لئے خطرہ سے ختم کریں گے، ہیپاٹائٹس کی تشخیص ہونے سے ایکس بلیو کی مالی بوجھ پروگرام میں شامل کر کے مکمل علاج فراہم کیا جائے، شہباز شریف، ہیپاٹائٹس کے مالی بوجھ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ہیپاٹائٹس کے عالمی دن (28 جولائی 2026) کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان دنیا کے ساتھ مل کر ہیپاٹائٹس جیسے موذی مرض کے خاتمے کے لیے اپنے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہیپاٹائٹس سی سب سے زیادہ متاثرہ ممالک میں شامل ہے اور کئی دہائیوں سے صحت عامہ کے اس سنگین چیلنج کا سامنا

بقیہ نمبر 7 صفحہ نمبر 3

کشمیر الیکشن کو سارا ملک دیکھ رہا ہے جبکہ دنیا بھی انتخابی عمل کو مانیٹر کر رہی ہے، شیری رحمان

ہم الیکشن کمیشن کو اپنی شکایات دے رہے، مسلم لیگ ن کے لوگ انتخابات کو متنازعہ بنانے کی کوشش کر رہے ہیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ کشمیر الیکشن کو سارا ملک دیکھ رہا ہے جبکہ دنیا بھی انتخابی عمل کو مانیٹر کر رہی ہے، ہم الیکشن کمیشن کو اپنی شکایات دے رہے ہیں، مسلم لیگ ن کے لوگ انتخابات کو متنازعہ بنانے کی

بقیہ نمبر 15 صفحہ نمبر 3

سات اگست کو سڑکیں بند ہوں گی، لاکھوں لوگ گھروں سے نکلیں گے، حافظ نعیم الرحمٰن

نوجوان اپنی موٹر سائیکلوں پر نکلیں اور سڑکوں پر لاکر انہیں بند کردیں، امیر جماعت اسلامی پاکستان

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے پٹرول کیوٹی کے خلاف 7 اگست کو سڑکیں بند کرنے کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے منصورہ میں مختلف اجلاسوں، نشستوں اور رابطوں کے دوران کے مالک کے احتجاج کا جائزہ لیتے ہوئے جماعت اسلامی کے ذمہ داران کو عوامی رابطہ مہم مزید موثر بنانے کی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے منصورہ میں مختلف اجلاسوں، نشستوں اور رابطوں کے دوران کے مالک کے احتجاج کا جائزہ لیتے ہوئے جماعت اسلامی کے ذمہ داران

بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 3

ٹائلوں کے ذریعے پیغامات کا تبادلہ جاری ہے، ایرانی وزارت خارجہ

تہران (این این آئی) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ پاکستان اور قطر سمیت تمام ممالک ایران اور امریکا کے درمیان

بقیہ نمبر 16 صفحہ نمبر 3

سیکیورٹی فورسز کے آپریشن میں گرفتار مبینہ دہشت گرد کے ہوشربا انکشافات

بھرتی، تربیت اور طہلوں میں کردار سے متعلق اعترافی بیان، مالی لالچ اور جھوٹے وعدوں کے ذریعے تنظیم میں شامل کیا گیا، دہشت گرد حبیب اللہ کردار سے متعلق اہم انکشافات کیے ہیں۔ سیکیورٹی

اسلام آباد (آن لائن) سیکیورٹی فورسز کے ایک آپریشن میں گرفتار کیے گئے دہشت گرد حبیب اللہ کے مطابق، دہشت گرد نے بتایا کہ اسے مالی لالچ اور جھوٹے وعدوں کے ذریعے تنظیم میں شامل کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق، دہشت گرد نے بتایا کہ اسے مالی لالچ

بقیہ نمبر 8 صفحہ نمبر 3

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان صوبے میں انڈس ہیلتھ نیٹ ورک کے زیر اہتمام ہسپتالوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

محسن نقوی کی حافظ نعیم الرحمان سے ملاقات، ملکی صورتحال پر تبادلہ خیال

فیلڈ مارشل کی مسلسل کاوشوں کے باعث خطے میں کشیدگی میں دوبارہ کمی آئی ہے، محسن نقوی، امیر العظیم کی رخصت پر افسوس

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے منصورہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان سے ملاقات کی جس میں

بقیہ نمبر 24 صفحہ نمبر 3

پنجاب میں بارشوں، سیلاب سے کئی علاقے زیر آب، ریلوے پل بہہ گیا، ٹرین سروس معطل

سیلاب کی وجہ سے ہنگروں ایکسپریس کی پٹری متوفی کی مصل تباہ ہوگئی، لوگوں کو محفوظ مقام پر منتقل کرنے کیلئے امدادی سرگرمیاں جاری

لاہور امریکہ کے انادوال اور زیر آباد (این این آئی) پنجاب میں بارشوں اور سیلاب سے کئی علاقے زیر آب آگئے، فیروز والا میں نالے کا بند ٹوٹنے سے کئی علاقے زیر آب آگئے، ایک ریلوے پل بہہ گیا جس سے ریلوے سروس معطل ہو

بقیہ نمبر 23 صفحہ نمبر 3

بھارتی وزیر دفاع کا بیان مسترد، کسی بھی مہم جوئی کیلئے تیار ہیں

وزیر دفاع خارجہ

بھارت جنوبی ایشیا میں عدم استحکام کا بنیادی محرک ہے اور اس کی جارحانہ توسیع پسندانہ پالیسیاں پورے خطے کے امن کے لیے خطرہ بن رہی ہیں، پاکستان

اسلام آباد (آن لائن) وزیر دفاع خواجہ آصف نے جموں وکشمیر سے متعلق بھارتی موقف کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت سیاسی پروپیگنڈے اور

بقیہ نمبر 29 صفحہ نمبر 3

ایف بی آر نے انکم ٹیکس کے سالانہ گوشوارے طلب کرلیے

پاکستان بھر کے قابل ٹیکس آمدن کے سالانہ ریفرن 30 ستمبر 2026 تک جمع کرائے جائیں گے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو راشد محمود لنگڑیال نے انکم ٹیکس کے سالانہ گوشوارے طلب کرلیے۔ چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو راشد محمود لنگڑیال نے یکم جولائی 2025 سے 30 جون 2026 تک کے سالانہ آمدن ٹیکس گوشوارے 27 جولائی 2026 سے طلب کرلیے ہیں۔ پاکستان بھر کے قابل ٹیکس آمدن کے سالانہ ریفرن 30 ستمبر 2026 تک جمع کرائے جائیں گے۔ انکم ٹیکس آرڈیننس (ترمیم

بقیہ نمبر 30 صفحہ نمبر 3

ایئر انڈس کی 11 سال بعد دوبارہ آپریشن شروع کرنے کا اعلان

اندرون ملک پروازوں کے آغاز کے بعد خلیجی ممالک کیلئے بھی آپریشن شروع کیا جائیگا

لاہور (این این آئی) نجی فضائی کمپنی ایئر انڈس نے 11 سال سے زائد عرصے بعد اپنی پروازوں کا آپریشن دوبارہ شروع کرنے کے منصوبے کا اعلان کردیا ہے۔ کمپنی نے کہا ہے کہ ابتدائی مرحلے میں اندرون ملک پروازیں بحال کی جائیں گی جبکہ بعد ازاں خلیجی ممالک کے لیے بین الاقوامی فضائی آپریشن کا آغاز کیا جائے گا۔ ایئر انڈس کی ویب سائٹ پر جاری معلومات کے مطابق کمپنی تنگ ہاڈی جیٹ طیاروں اور اے ٹی آر 600/72 ٹربو پروپ

بقیہ نمبر 32 صفحہ نمبر 3

کشمیر الیکشن کو ساری دنیا دیکھ رہی ہے، مسلم لیگ ن کا مقابلہ پیپلز پارٹی سے ہے، بلاول بھٹو زرداری

شہید بیلا شنگر یوس نکیال میں اپنے امیدوار جاوید ہاشمی کے ساتھ مل کر موثر انتخابی مہم چلا رہا تھا، چیئرمین پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے ایل اے 9 کوٹلی 2 نکیال میں جیالے مقامی یوس کی شہادت پر لواحقین سے اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ شہید بیلا شنگر یوس کو شہید کیا گیا۔ بلاول بھٹو

بقیہ نمبر 12 صفحہ نمبر 3

میر پور نکیال میں میرا کارکن شہید ہوگیا، متعلقہ حکام کہاں ہیں؟ بلاول بھٹو زرداری

شہید بیلا شنگر یوس نکیال میں اپنے امیدوار جاوید ہاشمی کے ساتھ مل کر موثر انتخابی مہم چلا رہا تھا، چیئرمین پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے ایل اے 9 کوٹلی 2 نکیال میں جیالے مقامی یوس کی شہادت پر لواحقین سے اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ شہید بیلا شنگر یوس کو شہید کیا گیا۔ بلاول بھٹو کہاں ہیں؟ انہوں نے کہا کہ مجھے اطلاع ملی ہے کہ مسلم لیگ ن کے امیدوار سردار عبرت نیم کی جانب سے فائرنگ کرکے میرے کارکن بیلا شنگر یوس کو شہید کیا گیا۔ بلاول بھٹو

بقیہ نمبر 12 صفحہ نمبر 3

پاکستان اور امریکا کے درمیان کاروباری و سرمایہ کاری تعاون کے نئے دور کا آغاز

40 رکنی امریکی سرمایہ کار وفد 26 سے 31 جولائی تک پاکستان کا دورہ کرے گا، 26 سے 31 جولائی تک پاکستان کا دورہ کرے گا۔ دوسرے کا مقصد دونوں ممالک کے نجی شعبوں کے درمیان رابطے بڑھانا، سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنا اور مشترکہ منصوبوں کو فروغ دینا ہے۔ اس

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور امریکا کے درمیان اقتصادی، کاروباری اور سرمایہ کاری تعاون کو فروغ دینے کے لیے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں معروف امریکی سرمایہ کاروں، کاروباری شخصیات اور ٹیکنالوجی ماہرین پر مشتمل 40 رکنی وفد

بقیہ نمبر 13 صفحہ نمبر 3

چاہٹائٹس خاموش گرنگین مرض، بروقت تشخیص اور مناسب علاج نہ ہونے پر جان لیوا ثابت ہوسکتا ہے، ایکسٹرا قومی اسمبلی

ہیپاٹائٹس کی روک تھام، بروقت تشخیص اور معیاری علاج حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہیں، عالمی یوم ہیپاٹائٹس پر پیغام

اسلام آباد (آن لائن) ایکسٹرا قومی اسمبلی سیکرٹریٹ ساجد صادق نے کہا ہے کہ ہیپاٹائٹس ایک خاموش مگر سنگین مرض ہے جو بروقت تشخیص نہ ہونے، احتیاط نہ برتنے اور مناسب علاج نہ ہونے کی صورت میں انسانی جان کے لیے خطرہ کی ثابت ہوسکتا ہے۔ اس بیماری کی سٹرٹ روک تھام اور بروقت تشخیص کو قومی بقاء، معیاری علاج کی فراہمی اور عوام میں شعور و آگاہی پیدا کرنا حکومت کی اہم ترین ترجیحات میں شامل ہے۔ عالمی یوم ہیپاٹائٹس کے موقع پر اپنے

بقیہ نمبر 14 صفحہ نمبر 3

پاکستان کی کوشش ہے کہ خطے میں دہشت گردی کی سرپرستی اور داخلی عدم استحکام سے توجہ ہٹانا چاہتا ہے، عالمی برادری بھارت کے مسلسل جارحانہ طرز عمل کا نوٹس لے، وزارت خارجہ کا بیان

بھارت خطے میں دہشت گردی کی سرپرستی اور داخلی عدم استحکام سے توجہ ہٹانا چاہتا ہے، عالمی برادری بھارت کے مسلسل جارحانہ طرز عمل کا نوٹس لے، وزارت خارجہ کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے بھارتی وزیر دفاع کے اشتعال انگیز بیانات کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسی بھی بھارتی مہم جوئی کا

بقیہ نمبر 38 صفحہ نمبر 3

آبنائے ہرمز میں ایرانی اسرار ان انقلاب کی کارروائی، 6 بحری جہاز واپس بھیجنے کا دعویٰ

تہران (این این آئی) ایران نوج نے دعویٰ کیا ہے کہ اس کی بحریہ نے آبنائے ہرمز سے گزرنے کی کوشش کرنے والے 6 بحری جہازوں کو روک کر واپس بھیج دیا۔ ایرانی سرکاری ٹیلی ویژن کے مطابق یہ کارروائی گزشتہ رات کی گئی، جب چھ تجارتی جہازوں نے ایرانی حکام

بقیہ نمبر 39 صفحہ نمبر 3

کیپٹن محمد سرور شہید کا 78 واں یوم شہادت، مزار پر پاک فوج کے دستے کی سلامی

کئی اعلیٰ افسران کی حاضری، فاتحہ خوانی، پھول چڑھانے صدر زرداری، وزیر اعظم شہباز شریف اور مسلح افواج کی خراج عقیدت

کیپٹن محمد سرور شہید کے 78 ویں یوم شہادت کے موقع پر پاک فوج کے دستے کی سلامی حاضری دی، پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی۔ صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم شہباز شریف اور پاکستان کی مسلح افواج کے سربراہان کی جانب سے پہلا نشان حیدر حاصل کرنے والے کیپٹن محمد سرور شہید کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ اس موقع پر فوج کے ایک دستے نے ان کے مزار پر سلامی دی، کئی اعلیٰ افسران نے

بقیہ نمبر 36 صفحہ نمبر 3

رانا ثنا اللہ نے ایل اے 10 کوٹلی میں انتخاب روکنے کا مطالبہ کر دیا

حلقہ بندی پر تحقیق کی جائے، انکوائری مکمل ہونے تک ایل اے 10 کوٹلی میں انتخاب روکا جائے، مشیر وزیر

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما رانا ثنا اللہ نے آزاد کشمیر کے حلقہ ایل اے 10 کوٹلی میں انتخاب روکنے کا مطالبہ کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق رانا ثنا اللہ نے وزیراعظم آزاد کشمیر اور چیف الیکشن کمشنر سے انکوائری کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ حلقہ بندی اور قیصر بٹواری سے امید

بقیہ نمبر 37 صفحہ نمبر 3

پاکستان اور ایران کے درمیان تجارتی تعاون کو فروغ دینے کا عزم

وزیر اعظم شہباز شریف سے ایرانی صدر کا ٹیلیفونک رابطہ، دونوں ممالک کے درمیان تجارتی حجم بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف سے ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے ٹیلیفونک رابطہ کیا۔ دونوں ممالک کے درمیان تجارتی حجم بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے ایرانی صدر کو پاکستان آمد کی دعوت دی

Daily Nara-e-Haq
نعرۂ حق
ABC
عصمت اللہ کاکڑ نے الکریم پرنٹرز کواری روڈ نزد چلڈرن ہسپتال سے چھپوا کر بیورو آفس سے شائع کیا۔
موبائل نمبر 03214556696

مودی سرکار نے گھٹنے ٹیک دیے، طلبہ کا احتجاج کامیاب

بھارتی جین زی کی تحریک "کاکروچ جنتا پارٹی" کا احتجاج کامیاب ہوگیا۔ بھارتی وزیرِ تعلیم دھرمیندر پردھان نے استعفیٰ دے دیا۔ انہوں نے اپنا استعفیٰ وزیرِ اعظم نریندر مودی کو بھجوا دیا، جسے منظور بھی کر لیا گیا ہے۔ ترجمان کاکروچ جنتا پارٹی نے کہا ہے کہ ہمارے تمام مطالبات باضابطہ تحریری طور پر تسلیم کر لیے گئے ہیں، لہٰذا ہم اپنا احتجاج ختم کر کے گھروں کو واپس جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کا موقف تھا کہ اس حکومت میں استعفے نہیں ہوتے، تاہم دھرمیندر پردھان کے استعفے نے ثابت کر دیا کہ ہم نے کر دکھایا۔ بھارت میں امتحانی بے ضابطگیوں کے خلاف سرگرم کاکروچ جنتا پارٹی کے مطابق حکومت نے نیٹ (NEET) امتحان کے پرچہ لیک سکینڈل سے متعلق خودکشی کرنے والے طلبہ کے خاندانوں کو زیادہ سے زیادہ ممکنہ معاوضہ دینے پر بھی اتفاق کیا ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ حکومت جتنی بھی مضبوط اور طاقتور ہو، عوامی سیلاب کے سامنے زیادہ دیر تک ٹھہر نہیں سکتی۔ مودی حکومت کو بھی اپنی طاقت اور اقرمرانہ ہتھکنڈوں پر یہی زعم تھا، مگر بالآخر اصولوں پر مبنی احتجاج کے سامنے اسے گھٹنے ٹیکنے پڑے۔ یہ صرف ایک ملک یا ایک حکومت کی بات نہیں، بلکہ جہاں کہیں بھی جبر حد سے بڑھ جاتا ہے، وہاں عوام اپنے حقوق کے لیے گھروں سے نکل آتے ہیں، اور پھر انہیں طاقت کے ذریعے زیادہ دیر تک قابو میں رکھنا ممکن نہیں رہتا۔ اگر نیپال، بھارت اور بنگلہ دیش کی طرح یہاں بھی ایسی ہی صورت حال پیدا ہوگئی تو اپنے مسائل پر مضطرب ہوئے عوام یہاں بھی سڑکوں پر نکل سکتے ہیں۔ حکومت کو اس کا ادراک ہونا چاہیے کہ مہنگائی، بے روزگاری اور دیگر معاشی مسائل کی جو صورت حال پیدا کی جا رہی ہے، اس بنگلہ دیش اور بھارت جیسا عوامی ردعمل سامنے آ سکتا ہے۔ خصوصاً پٹرول کی قیمتوں کے ساتھ تقریباً ہر چیز وابستہ ہے۔ اگر پٹرولیم نرخ روزانہ بڑھانے کا سلسلہ جاری رہا تو اس پر سخت عوامی ردعمل فطری امر ہوگا۔ جب ملک کے وسائل کا بڑا حصہ مراعات یافتہ اشرافیہ طبقات پر خرچ کیا جائے

چوتھی بار کا وزیر اعظم

چند روز پہلے کی بات ہے، سابق وزیر اعظم نواز شریف نے آزاد کشمیر میں جلسے سے خطاب کیا۔ جلسہ حاضری کے حساب سے ٹھیک تھا۔ مطلب، ٹھیک ہی تھا۔ خطاب میں نواز شریف نے یہ خواہش ظاہر کی کہ انہیں آزاد کشمیر کا وزیر اعظم بنا دیا جائے۔

عبداللہ طارق سہیل

ہمارے ہاں تو "غیر ملکیوں" کے وزیر اعظم بننے کی مثالیں بھی موجود ہیں۔ معین قریشی اور شوکت عزیز برطانیہ امریکہ کے شہری تھے، دونوں پاکستان کے وزیر اعظم بنے۔ انہیں تو کوئی بنا بھی نہیں سکا، اپنی مرضی سے یا مدت پوری ہونے پر ہی گئے۔

سوال البتہ یہ بنتا ہے کہ نواز شریف تین بار پاکستان کے وزیر اعظم رہے، اب آزاد کشمیر کا وزیر اعظم کیوں بننا چاہتے ہیں جو کہ کوئی ملک بھی نہیں، ایک اتنا چھوٹا سا رقبہ ہے کہ نقشے پر ٹھیک سے دکھائی بھی نہیں پڑتا اور آبادی بھی اتنی کم کہ تین چار آزاد کشمیر اکٹھے ہوں تو ایک لاہور بنے۔

تاہم غور و تدبر کرنے کے بعد کچھ ممکنہ وجوہات اس خواہش کی سمجھ میں آئیں۔

پہلی وجہ تو شاید یہ ہے کہ نواز شریف تین بار وزیر اعظم بنے، ایک بار بھی مدت پوری نہ کر سکے۔ آزاد کشمیر میں بھی ایک دو بار ایسا ہوا کہ وزیر اعظم مدت پوری نہیں کر سکا لیکن بالعموم وہاں کا وزیر اعظم مدت پوری کر کے ہی سابق وزیر اعظم بنتا ہے۔ نواز شریف نے سوچا ہو گا، ایک بار تو مدت پوری کروں۔

دوسری وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ وہ تین بار کے وزیر اعظم ہیں۔ چار بار کے بننا چاہتے تھے لیکن ان کا راستہ روک کر برادر خورد کو وزیر اعظم بنا دیا گیا۔ اگر آزاد کشمیر کا وزیر اعظم بننے کے بعد از خود چار بار کا وزیر اعظم کہلا ئیں گے۔

تیسری وجہ "گینز بک آف ورلڈ ریکارڈ" میں نام درج کروانے کی خواہش ہے۔ دنیا میں چار بار وزیر اعظم بننے والے تو کئی اور بھی ہوں گے لیکن دو دار الحکومتوں کا وزیر اعظم اس سے پہلے کبھی نہیں بنا۔ نواز شریف کے حصے میں یہ اعزاز بھی آ سکتا ہے۔ تین بار اسلام آباد کے وزیر اعظم اور ایک بار مظفر آباد کے وزیر اعظم اور ایک بار مظفر آباد کیا۔ اور کیا چاہئے۔ یہاں موٹروے وغیرہ بنا کر اتنے مقبول ہو جائیں کہ اگلا الیکشن بھی جیت جائیں۔ یوں پانچ بار کے وزیر اعظم کہلانے کے قابل ہو جائیں گے۔

اس وجہ اور بھی ہو سکتی ہے۔ نواز شریف مقبول تب ہوئے تھے جب پہلی بار وزیر اعظم بننے کے بعد انہوں نے "ظلام اسحاق" کی ڈکٹیشن قبول نہ کرنے کا اعلان کیا تھا۔ اس کے بعد انہیں ایسا اعلان کرنے کا موقع نہیں مل سکا۔ سچ ہے یا جھوٹ، بہرحال تاثر یہی ہے کہ مظفر آباد کا وزیر اعظم اسلام آباد کی ڈکٹیشن پر چلتا ہے۔ نواز شریف اگر آزاد کشمیر کا وزیر اعظم بن کر یہ تاثر دور کرنا چاہتے ہوں گے۔ یعنی وزیر اعظم بننے ہی یہ اعلان کر دیں گے کہ ڈکٹیشن نہیں لوں گا۔

جملہ وجوہات جائز اور تعمیری ہیں۔ الیکشن کمشن بھی راضی ہو جائے گا، بس بلاول کو راضی کرنے کی ضرورت ہے۔

ایک خفیہ سروے سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ ہر روز پٹرول مہنگا کرنے کی نئی پالیسی سے عوام بہت خوش ہیں۔ عوام کہتے ہیں ہم وطن کیلئے قربانی دیں گے اور بار بار دیں گے، اگر خرہم بنے کس لئے ہیں اور یہ کہ ہم قربانی نہیں دیں گے تو کون دے گا۔

البتہ، سروے کے مطابق، ان کی ایک خواہش کمشن کے سامنے آئی ہے۔ یہ کہ گرمیوں کے دن بہت لمبے ہوتے ہیں، کاٹے نہیں کٹتے، ایک دن میں ایک بار تیل مہنگا کرنے سے کچھ خاص مزا نہیں آتا۔ اس لئے ہر گھنٹے کے بعد تیل مہنگا کیا جائے تاکہ ہر گھنٹے بعد آنے والے سنسنی خیز لمحات سے وہ زندگی کا بھرپور مزا پا سکیں۔

سروے کے مطابق جہاں عوام خوش ہیں، وہاں خواص اتنے خوش نہیں ہیں۔ خواص کی تنخواہوں میں وزیر اعظم نے چند ماہ پہلے ہی چھ سات سو سے آٹھ نو سو فیصد اضافہ کیا تھا

چودھری سرور سے انس سرور تک، مٹی، محنت اور میراث (آخری قسط)

چوہدری محمد سرور نے مسئلہ کشمیر کے حوالے سے کشمیری عوام کی اخلاقی اور سفارتی حمایت کو ہمیشہ اہمیت دی۔ برطانوی سیاسی نظام میں طویل تجربے کے باعث وہ اس حقیقت کو سمجھتے ہیں کہ بین الاقوامی تنازعات صرف جذباتی نعروں سے حل نہیں ہوتے۔ ان کے لیے عالمی رائے عامہ، سفارت کاری، انسانی حقوق کی زبان اور بامعنی مذاکرات بنیادی اہمیت رکھتے ہیں کشمیر

محمد اکرم چوہدری

محض زمین کا تنازع نہیں یہ انسانوں، خاندانوں، شناخت، آزادی اور مستقبل کا سوال ہے۔ اس مسئلے پر اخلاقی حمایت ضروری ہے، لیکن اس کے ساتھ ایسی سیاسی دانائی بھی درکار ہے جو جنگ کے امکانات کم اور انصاف پر مبنی امن کے راستے کشادہ کرے۔

مذاکرات کمزوری کا نام نہیں بعض اوقات میز پر بیٹھنا میدان میں کھڑے ہونے سے زیادہ حوصلہ مانگتا ہے جنگیں نقشے بدل سکتی ہیں، مگر دلوں کے زخم اکثر نسلوں تک باقی رہتے ہیں۔ پائیدار امن وہی ہوتا ہے جس میں متعلقہ عوام کی عزت، خواہشات اور بنیادی حقوق کو مرکزیت حاصل ہو۔ چوہدری محمد سرور کی سیاست کا یہ پہلو قابلِ قدر ہے کہ انہوں نے کشمیر کے لیے آواز بلند کرتے ہوئے عالمی برادری تک اخلاقی استدلال پہنچانے اور مکالمے کی اہمیت کو نمایاں کرنے کی کوشش کی۔

انس سرور، نام نہیں، امتحان کی نئی منزل

اب اس داستان کا تازہ باب انس سرور سے وابستہ ہے والد کی کامیابی اولاد کے لیے اعزاز ضرور ہوتی ہے، لیکن اس کے ساتھ ایک بھاری ذمہ داری بھی لاتی ہے۔ معروف خاندان میں پیدا ہونا دروازے کھول سکتا ہے، مگر ان دروازوں کے پار اپنا مقام کردار، صلاحیت اور عوامی اعتماد ہی بناتا ہے انس سرور نے برطانوی دارالعوام کے رکن، اسکاٹش پارلیمنٹ کے رکن اور اسکاٹش لیبر کے سربراہ کی حیثیت سے اپنی الگ سیاسی شناخت قائم کی۔ وہ برطانیہ کی کسی بڑی سیاسی جماعت کی قیادت کرنے والے پہلے مسلمان اور پہلے نسلی اقلیتی پس منظر رکھنے والے رہنما ہیں۔

جولائی 2026 میں انہوں نے اسکاٹش لیبر کی قیادت سے علیحدگی اختیار کر کے برطانوی حکومت کے کاروبار، جدت، سائنس اور تجارت سے متعلق محکمے میں وزارتی ذمہ داری قبول کی اور تاحیات رکن کی حیثیت سے ایوانِ بالا میں شامل ہوئے۔ اس فیصلے کو جہاں ایک نئی قومی ذمہ داری اور پاکستانی نژاد برطانوی خاندان کے لیے غیر معمولی کامیابی کے طور پر دیکھا گیا، وہیں سیاسی مخالفین اور بعض سابق رفقا نے اس پر تنقید بھی کی۔ یہاں خراجِ تحسین کے ساتھ ایک اصولی بات کہنا بھی ضروری ہے: جمہوری سیاست میں ہر نیا منصب صرف اعزاز نہیں، احتساب کا نیا دروازہ بھی ہوتا ہے ایوانِ بالا کی رکنیت یا وزارت منزل نہیں یہ ثابت کرنے کا موقع ہے کہ ایک شخص اپنے خاندانی نام، سیاسی تجربے اور نئی ذمہ داری کو عوامی بہبود، معاشی ترقی، تجارت اور مختلف کمیونٹیز کے درمیان اعتماد پیدا کرنے کے لیے کس طرح استعمال کرتا ہے۔

انس سرور کی کامیابی پر خوشی بجا، مگر ان کے لیے سب سے بڑی مبارکباد مستقبل میں ان کے کام کی کامیابی ہوگی۔ ان کی اصل آزمائش یہ ہوگی کہ وہ محنے منصب کو محض سیاسی ترقی نہیں بلکہ عام شہریوں، اسکاٹ لینڈ، برطانیہ اور عالمی تجارتی روابط کے لیے نتیجہ خیز خدمت میں بدلیں۔ والد نے برطانوی دارالعوام میں تاریخ رقم کی تھی بیٹے کے سامنے اب یہ سوال ہے کہ وہ ایوانِ بالا اور حکومت میں کس نوعیت کی میراث چھوڑتے ہیں۔

وراثت عہدوں کی نہیں، اقدار کی

چوہدری محمد سرور اور انس سرور کے سیاسی سفر کو صرف باپ اور بیٹے کی کامیابی کے طور پر دیکھنا محدود زاویہ ہوگا۔ اصل اہمیت اس بات کی ہے کہ ایک تارک وطن خاندان نے دو نسلوں میں برطانیہ کی جمہوری سیاست میں نمایاں مقام حاصل کیا لیکن کسی خاندان کی حقیقی عظمت اس کے حاصل کردہ عہدوں کی تعداد سے نہیں، اس کے متحقل کردہ اصولوں سے جانی جانی چاہیے۔ عہدہ وراثت ہو سکتا ہے، مگر عزت نہیں۔ نام منتقل ہو سکتا ہے، مگر کردار نہیں۔ وسائل مل سکتے ہیں، مگر عوامی اعتماد ہر نسل کو نئے سرے سے حاصل کرنا پڑتا ہے۔

سرورِ خاندان کے سفر کی خوب صورتی اسی میں ہے کہ اس کے ستمن نمایاں پہلو ایک دوسرے سے جڑتے دکھائی دیتے ہیں: چوہدری محمد سرور کی سیاسی جدوجہد، پروین سرور کی سماجی خدمت اور انس سرور کی نئی نسل کی نمائندگی۔ یہ سیاست، خدمت اور وراثت کی ایک تکون ہے مگر اس تکون کو مضبوط رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ خدمت نمائشی سرگرمی نہ بنے، سیاست ذاتی مفاد سے بلند رہے اور نئی نسل ماضی کی کامیابیوں پر اکتفا کرنے کے بجائے مستقبل کے لیے اپنا اخلاقی جواز پیدا کرے یہی دانائی ہر کامیاب خاندان، سیاسی شخصیت اور سماجی رہنما کے لیے ضروری ہے۔

ٹوبیک سنگھ کی مٹی کا پیغام

چوہدری محمد سرور کی داستان میں سب سے طاقت اور علامت شاید ان کے آباؤ اجداد کی ہے۔ ان کا نقطہ آغاز نہ ایک کسان کا گھر، پنجاب کا ایک قصبہ، محدود وسائل۔ اور پھر برطانیہ کے ایوان، پاکستان کا گورنر ہاؤس، فلاحی ادارے اور اگلی نسل کا عالمی سیاسی منظر نامے پر ابھرنا۔ یہ سفر ان نوجوانوں کے لیے امید کا پیغام ہے جو محرومی کو اپنی تقدیر سمجھ بیٹھتے ہیں۔ یہ انہیں بتاتا ہے کہ غربت شرمندگی نہیں، بے عملی نقصان ہے؛ معمولی آغاز کا رکاوٹ نہیں، مقصد سے محرومی اصل کمزوری ہے لیکن اس کہانی میں اہل اقتدار کے لیے ایک تنبیہ بھی پوشیدہ ہے۔

انسان جتنا بلند ہوتا ہے، اس کی ذمہ داری اتنی ہی بڑھتی ہے کامیابی اگر انسان کو اپنی مٹی، اپنے لوگوں اور اپنی ابتدائی محرومیوں سے دور کر دے تو وہ کامیابی ادھوری ہے اصل عظمت یہ ہے کہ انسان بلندی پر پہنچ کر بھی زمین سے اپنا رشتہ قائم رکھے۔ چوہدری محمد سرور کی فلاحی سرگرمیاں اسی تعلق کی علامت ہیں۔ انہوں نے اپنی زندگی کے تجربے کو یہ سمجھنے میں استعمال کیا کہ پیاس، غربت، بیماری اور بے روزگاری تقریروں سے نہیں

چودھری سرور سے انس سرور تک، مٹی، محنت اور میراث (حصہ اول)

کچھ زندگیاں محض گزرتی نہیں، اپنے عہد پر نقش چھوڑ جاتی ہیں۔ کچھ لوگ عہدوں سے پہچانے جاتے ہیں اور کچھ اپنے کردار سے عہدوں کو پہچان عطا کرتے ہیں۔ چوہدری محمد سرور کا شمار دوسری قسم کے لوگوں میں ہوتا ہے ان کی زندگی کو صرف ایک سیاست دان کی سوانح کہنا اس طویل سفر کے ساتھ انصاف نہیں ہوگا۔ یہ دراصل مٹی سے تعلق، ہجرت کی مشقت، کاروباری محنت، جمہوری جدوجہد، سیاسی کامیابی،

محمد اکرم چوہدری

سماجی خدمت اور اگلی نسل کو منتقل ہونے والی اقدار کی کہانی ہے۔

اس داستان کا آغاز لندن، گلاسگو یا ویسٹ منسٹر سے نہیں ہوتا پنجاب کے ضلع ٹوبیک سنگھ میں جہاں ایک محنت کش کاشتکار کے گھر پیدا ہونے والے بچے نے شاید کبھی یہ تصور بھی نہ کیا ہو کہ ایک دن اس کی آواز دنیا کی قدیم ترین پارلیمانی جمہوریت کے ایوانوں میں سنی جائے گی مگر تاریخ کا حسن یہی ہے کہ وہ ہمیشہ محلات میں جنم نہیں لیتی کبھی وہ کسی کسان کی جھونپڑی، کسی مزدور کے پسینے اور کسی ماں کی دعا سے بھی اپنا سفر شروع کرتی ہے چوہدری محمد سرور کا سفر ہمیں Executive Branch بتاتا ہے کہ حالات انسان کا نقطہ آغاز تو متعین کر سکتے ہیں، اس کی آخری منزل نہیں۔ پیدائش کا مقام انسان کے اختیار میں نہیں ہوتا، لیکن کردار، محنت اور مقصد کا انتخاب اس کے اپنے ہاتھ میں ہوتا ہے۔

ہجرت: جہاں آغاز نہیں کردار تراشا

وطن سے دور جانا صرف ایک جغرافیائی سفر نہیں ہوتا ایک تارک وطن اپنے ساتھ اپنی زبان، تہذیب، یادیں، محرومیاں اور اپنے گھر والوں کی امیدیں بھی لے کر چلتا ہے نئی سرزمین پر اسے روزگار ہی نہیں بلکہ اپنی شناخت، عزت اور قبولیت کے لیے بھی جدوجہد کرنا پڑتی ہے چوہدری محمد سرور بھی بہتر مستقبل کی تلاش میں اسکاٹ لینڈ پہنچے۔ وہاں انہوں نے محنت، کاروباری بصیرت اور سماجی روابط کے ذریعے اپنی جگہ بنائی۔ لیکن ان کی کامیابی اس وقت ایک وسیع تر معنویت اختیار کر گئی جب انہوں نے اپنی ذاتی ترقی کو کمیونٹی کی اجتماعی آواز میں بدلنے کا فیصلہ کیا کاروبار نے انہیں وسائل دیئے، مگر سیاست نے انہیں محروم لوگوں کے حقوق کے لیے آواز بلند کرنے کا وسیلہ فراہم کیا۔

1997 میں وہ برطانوی پارلیمنٹ کے پہلے مسلمان رکن منتخب ہوئے بعد ازاں وہ مسلسل تین عام انتخابات میں عوام کا اعتماد حاصل کرتے ہوئے 2010 تک برطانوی دارالعوام کے رکن رہے یہ کامیابی صرف ایک امیدوار یا ایک حلقے کی فتح نہ تھی یہ برطانیہ میں آباد ان لاکھوں مسلمانوں اور تارکین وطن کے لیے ایک تاریخی لمحہ تھا جو معاشرے کا حصہ تو تھے، مگر اعلیٰ سیاسی اداروں میں ان کی نمائندگی نہایت محدود تھی۔ ان کا انتخاب اس تصور کی نفی تھا کہ تارک وطن صرف محنت مزدوری یا کاروبار تک محدود رہتے ہیں انہوں نے ثابت کیا کہ ایک پاکستانی نژاد مسلمان برطانیہ کے جمہوری نظام میں داخل ہو کر نہ صرف اپنی کمیونٹی بلکہ پورے ملک کے شہریوں کی نمائندگی کر سکتا ہے یہ وہ مقام تھا جہاں ان کی ذاتی کامیابی اجتماعی امید میں تبدیل ہوگئی۔

ایوان سے عوام تک

جمہوریت میں پارلیمنٹ تک پہنچنا اہم ہے، لیکن اس سے کہیں زیادہ اہم یہ ہے کہ وہاں پہنچ کر انسان کس کی آواز بنتا ہے چوہدری محمد سرور کا سفر ہمیں یہ بتاتا ہے کہ حالات انسان کا نقطہ آغاز تو متعین کر سکتے ہیں، اس کی آخری منزل نہیں۔ پیدائش کا مقام انسان کے اختیار میں نہیں ہوتا، لیکن کردار، محنت اور مقصد کا انتخاب اس کے اپنے ہاتھ میں ہوتا ہے۔

ہجرت: جہاں آغاز نہیں کردار تراشا

وطن سے دور جانا صرف ایک جغرافیائی سفر نہیں ہوتا ایک تارک وطن اپنے ساتھ اپنی زبان، تہذیب، یادیں، محرومیاں اور اپنے گھر والوں کی امیدیں بھی لے کر چلتا ہے نئی سرزمین پر اسے روزگار ہی نہیں بلکہ اپنی شناخت، عزت اور قبولیت کے لیے بھی جدوجہد کرنا پڑتی ہے چوہدری محمد سرور بھی بہتر مستقبل کی تلاش میں اسکاٹ لینڈ پہنچے۔ وہاں انہوں نے محنت، کاروباری بصیرت اور سماجی روابط کے ذریعے اپنی جگہ بنائی۔ لیکن ان کی کامیابی اس وقت ایک وسیع تر معنویت اختیار کر گئی جب انہوں نے اپنی ذاتی ترقی کو کمیونٹی کی اجتماعی آواز میں بدلنے کا فیصلہ کیا کاروبار نے انہیں وسائل دیئے، مگر سیاست نے انہیں محروم لوگوں کے حقوق کے لیے آواز بلند کرنے کا وسیلہ فراہم کیا۔

1997 میں وہ برطانوی پارلیمنٹ کے پہلے مسلمان رکن منتخب ہوئے بعد ازاں وہ مسلسل تین عام انتخابات میں عوام کا اعتماد حاصل کرتے ہوئے 2010 تک برطانوی دارالعوام کے رکن رہے یہ کامیابی صرف ایک امیدوار یا ایک حلقے کی فتح نہ تھی یہ برطانیہ میں آباد ان لاکھوں مسلمانوں اور تارکین وطن کے لیے ایک تاریخی لمحہ تھا جو معاشرے کا حصہ تو تھے، مگر اعلیٰ سیاسی اداروں میں ان کی نمائندگی نہایت محدود تھی۔ ان کا انتخاب اس تصور کی نفی تھا کہ تارک وطن صرف محنت مزدوری یا کاروبار تک محدود رہتے ہیں انہوں نے ثابت کیا کہ ایک پاکستانی نژاد مسلمان برطانیہ کے جمہوری نظام میں داخل ہو کر نہ صرف اپنی کمیونٹی بلکہ پورے ملک کے شہریوں کی نمائندگی کر سکتا ہے یہ وہ مقام تھا جہاں ان کی ذاتی کامیابی اجتماعی امید میں تبدیل ہوگئی۔

ایوان سے عوام تک

جمہوریت میں پارلیمنٹ تک پہنچنا اہم ہے، لیکن اس سے کہیں زیادہ اہم یہ ہے کہ وہاں پہنچ کر انسان کس کی آواز بنتا ہے چوہدری محمد سرور کی سیاست کی بنیاد کمیونٹی، انسانی وقار اور سماجی انصاف پر رہی انہوں نے برطانیہ میں نسلی اور مذہبی اقلیتوں، تارکین وطن اور محروم طبقات کے حقوق کے لیے آواز اٹھائی ان کے سیاسی سفر نے برطانوی مسلم نوجوانوں کے لیے یہ راستہ کھولا کہ وہ اپنی شناخت چھپائے بغیر قومی دھارے میں موثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔

وہ ایک ایسے عہد میں برطانوی سیاست میں داخل ہوئے جب ایک مسلمان کا دارالعوام تک پہنچنا خود ایک خبر تھا آج برطانیہ کے مختلف سیاسی اداروں میں مسلمان اور پاکستانی نژاد نمائندوں کی موجودگی نسبتاً زیادہ دکھائی دیتی ہے تو اس سفر کے ابتدائی قدم رکھنے والوں میں چوہدری محمد سرور کا نام نمایاں رہتا ہے مگر انہوں نے اپنی کامیابی کو ذاتی منزل نہیں سمجھا ان کا تعلق پاکستان سے کبھی منقطع نہ ہوا۔ ٹوبیک سنگھ کی مٹی، پنجاب کے دیہات اور ان لوگوں کی مشکلات جن کے درمیان انہوں نے زندگی کا آغاز کیا تھا، ان کے شعور کا حصہ رہیں یہی تعلق انہیں دوبارہ پاکستان کی عملی سیاست کی طرف لے آیا۔

برطانوی پارلیمنٹ سے گورنر ہاؤس تک

پاکستان واپس آ کر چوہدری محمد سرور نے ایک ایسا فیصلہ کیا جو بیک وقت مشکل بھی تھا اور غیر معمولی بھی۔ انہوں نے برطانیہ کی شہریت ترک کی اور پاکستان میں عوامی خدمت کا راستہ اختیار کیا وہ دو مختلف ادوار میں گورنر پنجاب رہے پہلی مرتبہ 2013 سے 2015 اور دوسری مرتبہ 2018 سے 2022 تک۔

برطانوی پارلیمنٹ کا منتخب رکن رہنے کے بعد پاکستان کے سب سے بڑے صوبے کا گورنر بننا کسی بھی سیاسی زندگی کا بلند مقام سمجھا جا سکتا ہے۔ لیکن کسی شخصیت کی اصل قدر صرف اس بات سے متعین نہیں ہوتی کہ اس نے کتنے منصب حاصل کیے اصل سوال یہ ہے کہ ان مناصب کو کس مقصد کے لیے استعمال کیا گیا۔

چوہدری محمد سرور کے سیاسی سفر میں اختلافات، مشکلات اور جماعتی تبدیلیاں بھی آئیں سیاست کی دنیا کبھی ہموار شاہراہ نہیں ہوتی۔ یہاں فیصلوں پر سوال اٹھتے ہیں، اتحاد بدلتے ہیں اور شخصیات تنقید کی زد میں بھی آتی ہیں۔ کسی بھی سنجیدہ خراجِ تحسین کا تقاضا ہے کہ شخصیت کو انسانی پیچیدگیوں سمیت دیکھا جائے، نہ کہ اسے خامیوں سے مبرا کوئی افسانوی کردار بنا دیا جائے لیکن ان تمام سیاسی نشیب و فراز کے باوجود ایک پہلو مستقل رہا عوامی مسائل، بالخصوص صاف پانی، صحت، تعلیم اور کمزور طبقات کی فلاح کے لیے ان کی دلچسپی۔ یہی تسلسل ان کی سیاسی شناخت کو عہدوں سے آگے لے جاتا ہے۔

اقتدار عارضی، خدمت باقی

ہمارے خطے میں سیاست اکثر اقتدار، پروٹوکول اور سرکاری اختیار کے گرد گھومتی ہے لیکن اقتدار کی سب سے بڑی کمزوری یہ ہے کہ وہ دائمی نہیں ہوتا ایوان بدل جاتے ہیں، حکومتیں رخصت ہو جاتی ہیں، جھنڈے اتر جاتے ہیں اور سرکاری رہائش گاہیں نئے مکینوں کی منتظر رہتی ہیں انسان کے ساتھ صرف اس کے اعمال اور لوگوں کی یادیں باقی رہتی ہیں۔ اسی لیے چوہدری محمد سرور کی زندگی کا زیادہ باکیدار حوالہ شاید کوئی سیاسی عہدہ نہیں بلکہ وہ فلاحی کام ہیں جن سے عام لوگوں کی زندگیوں کو سہارا ملا۔

صاف پانی کسی خوش حال معاشرے میں ایک معمولی سہولت محسوس ہو سکتا ہے، مگر پاکستان کے بہت سے علاقوں میں یہ زندگی اور بیماری، امید اور محرومی کے درمیان حدِ فاصل ہے جب کسی گاؤں میں صاف پانی پہنچتا ہے تو صرف ایک نل نہیں لگتا بچوں کو بیماریوں سے تحفظ ملتا ہے، خواتین کی مشقت کم ہوتی ہے اور ایک پورے خاندان کی زندگی بدل سکتی ہے۔

کاکروچ جنتا

اندرا گاندھی نے اپنے دور حکومت میں ہندوستان میں ایمرجنسی نافذ کی تھی۔ ان کی حکومت کے بعد کسی ڈکٹیٹر نے نہیں بلکہ ایسی ایمرجنسی نریندر مودی نے لاگو کی۔ مودی صاحب کے اس اقدام کو ہندوستان کی جین زی (ZGen) نے چیلنج کر دیا ہے۔

پتہ یہ چلا ہے کہ ہندوستان میں اظہار رائے کی آزادی اور احتجاج کرنے کے بنیادی اور آئینی حقوق منجمد تھے۔ وزیر اعظم نریندر مودی حکومت نے نوجوانوں کے اس احتجاج کو پرزور طریقے سے روکا۔ یاد رہے کہ بھارتی سپریم کورٹ کے چیف جسٹس نے غصے کا اظہار کرتے ہوئے جین زی کو کاکروچ قرار دیا۔

اس لفظ کے بعد یہ ایسے متحد ہوئے جس کا گمان بھی نہ تھا۔ یہ کاکروچ جنتا پارٹی، پارلیمنٹ میں اپوزیشن سے زیادہ مودی صاحب کے خلاف طاقتور ہوگئی۔ اس بات کا اندازہ بھی نہ تھا، ایک ایسی پارٹی جو رجسٹرڈ بھی نہیں ہے اور نہ ہی اس پارٹی کے لیے اب تک کوئی عہدیدار نامزد ہوا ہے لیکن ان کا جنون ہے۔ اب یہ نوجوان اس میدان میں اکیلے نہیں ہیں کیونکہ راہول گاندھی اور ان کی بہن پریانکا گاندھی بھی ان کی حمایت کر رہی ہیں۔

یقیناً اروند جتی رائے بھی ان کی حمایتی ہوں گی، اسی طرح ایکجیت دیکے، سورو داس، آفرین نواز، دیپک بلیان، رنتا سنگھ اور سونم واننچک جیسے لوگ جو سیکولر ہندوستان کی سوچ رکھتے ہیں، وہ تمام لوگ اس پارٹی کی حمایت کریں گے۔

نیپال میں بھی نوجوان سڑکوں پر نکلے۔ آج سے پندرہ سال پہلے ایسے ہی احتجاج عرب ممالک میں بھی ہوئے جو تحریر اسکوائر پر جا ٹھہرے لیکن پھر Revolution Spring!? گے بڑھ نہ سکا۔ وہ اس لیے کہ اس انقلاب میں مسلم معاشروں میں قائم نظریاتی دیواریں توڑنے کی صلاحیت نہیں تھی۔

ہندوستان ایک سیکولر ملک تھا مگر اب ایڈوانی نے اس سیکولر ازم کی بنیادیں ہلا دیں۔ اس نے تیس سال قبل گجرات سے یاترا کا آغاز کیا اور ہزاروں میل سفر طے کر کے ایودھیا (اتر پردیش) میں بابری مسجد کو مسمار کروایا، جہاں اب ایک سیکولر ملک کے وزیر اعظم یعنی مودی صاحب نے ریاست کی نگرانی میں رام مندر بنوایا۔ مودی کے لیے ہندوستان کو یرغمال بنانا آسان نہیں۔

ہندوستان کی آزادی کے بعد ہندوستان کو فوراً آئین دے دیا گیا۔ جہاں مسلسل جمہوریت رائج رہی سوائے اس دور کے جب اندرا گاندھی نے ہندوستان پر ایمرجنسی لاگو کی۔ ہندوستان کی سپریم کورٹ کے فل بنچ نے کیشوا نندا کیس جیسے عظیم عدالتی فیصلے نہ روکا۔ اندرا گاندھی کے قاشم کو روکا۔ اس کیس کی پیروی کیشوا نندا بھارتی، کلدیپ نیر اور کئی سیکولر سول سوسائٹی کے ممبران کی تھی جو پابند سلاسل ہوئے۔ مجھے یہ گمان ہے کہ احتجاج کی یہ لہر ہندوستان تک محدود نہیں رہے گی بلکہ اس کی پہنچ اور رسائی سرحد پار تک جائے گی۔ ہندوستان کی جمہوریت اور خارجہ پالیسی جس کی بنیادیں جواہر لعل نہرو نے رکھی تھیں، ان بنیادوں کو مودی نے جس طرح سے ہلایا ہے کہ دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت اور ڈیڑھ ارب کی آبادی والے ملک کو ایک کروڑ کی آبادی والے ملک اسرائیل کے ساتھ لا کھڑا کیا ہے۔ مودی سرکار نے مہاتما گاندھی کے ہندوستان کس قدر چھوٹا بنا دیا۔

ہم فرض کرتے ہیں کہ جو تضادات آزادی کے وقت مسلمان اور ہندو دو کے درمیان پیدا ہوئے، وہ تضادات اگر نہ ہوتے تو آج ہندوستان اور پاکستان امن سے رہ رہے ہوتے۔ ہمارے ان تضادات نے برصغیر میں غربت پھیلا دی۔ سامراجی طاقتوں نے ہماری دشمنی کو استعمال کر کے ہمیں قرضوں کے جال میں پھنسا دیا۔ ہمیں سرد جنگ میں دھکیل کر اپنے مقاصد حاصل کیے۔ تاریخ کروٹ بدلتی ہے، اپنی لے میں چلتی ہے۔ جین کو برطانیہ اپنا غلام نہیں بنا سکا۔ ان زمانوں میں جین، برطانیہ کا غلام بن جاتا تو کیا ہوتا؟ ایران بھی کسی کا غلام نہ بن سکا۔ یہ غلامی جو ہندوستان کے اوپر مسلط ہوئی وہ اور تگڑیب کے کمزور دور کا شاخسانہ تھی۔

دہشت گردی کا خاتمہ اب قریب ہے؟

میں شک نہیں کہ اس وقت وطن عزیز مختلف الاقسام کے مسائل کا شکار ہے، سب سے بڑا چیلنج ملکی سلامتی کو درپیش ہے۔ ہمارا دشمن وطن عزیز کے قیام کے وقت سے ہی ہماری آزادی کو ختم کرنے کے درپے ہے۔ اسی دشمن کے تعاون سے ملک میں دہشت گردی نے ایک ہنگامی صورت حال پیدا کر دی ہے۔

عثمان دموہی

CalendarsTime& دہشت گردی اور روز بہ روز بڑھتی ہوئی مہنگائی سے کون سا پاکستانی ہوگا جو پریشان نہیں ہوگا، مگر ایسے وقت میں سب سے اہم بھی نہیں بلکہ ہماری ملکی سلامتی کے لیے ایک تاریخی اہمیت کا واقعہ رونما ہوا ہے، وہ ہماری قوم کے غیر متزلزل اتحاد کا مظہر ہے، ہماری قوم ویسے تو ہمیشہ سے ہی متحد ہے مگر حال ہی میں ملک کے جید علماء کرام نے ایک ساتھ اور ایک پیش امام کی اقتدا میں نماز ادا کر کے ملک میں قومی یکجہتی کا بے مثال مظاہرہ کیا ہے۔

حقیقت یہی ہے کہ ہماری یکجہتی نہ صرف ہماری بقاء بلکہ ہمارے ملک کی سلامتی کی ضامن ہے۔ ہمارے علماء اور قوم کی یکجہتی کو دیکھ کر یقیناً ہمارا دشمن نہ صرف گھبرا گیا ہوگا بلکہ وہ اپنے مذموم مقاصد کو بھی اب ناقابل عمل سمجھنے لگا ہوگا۔

اس وقت بلوچستان میں دہشت گردی کے مسئلے نے ملک وقوم کو سخت پریشان کر رکھا ہے۔ اس نے دشمن کو ضرور خوش کیا ہوگا مگر اس کے ساتھ ہی ہماری حکومت نے دہشت گردی کے خلاف آپریشن "شعب

نصرت بھوج کوئٹہ 1

ادارے یا بھی ہم آہنگی کے ساتھ کام کریں وزیراعظم نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل، ثقافتی اثاثوں اور سیاحتی امکانات کے اعتبار سے بے پناہ صلاحیتوں کا حامل صوبہ ہے، جس سے بھرپور استفادہ کرتے ہوئے سرمایہ کاری، صنعت اور تجارت کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے مبارکباد کہ بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن اینڈ ٹیکنالوجی کا قیام ایک خوش آئند قدم

ESTD:1939 ONE OF THE OLDEST NEWS PAPER OF BALOCHISTAN 4

DAILY NARA-E-HAQ QUETTA

Email.Naraehaq@gmail.com

کشمرکمشنر ڈویژن شاہزیب خان کا کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کو نئی دکانوں اور کھوکھوں کے کرایوں کے مسئلے میں منفعہ اجاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

بلوچستان آپریشن العزم کے تحت سیکیورٹی فورسز کی بڑی کارروائیاں، 11 دہشتگرد ہلاک

بھاری مقدار میں اسلحہ وسیٹلائٹ فونز برآمد، آئی ایس پی آر کا دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک آپریشنز جاری رکھنے کا عزم

کوئٹہ (یوائن اے) بلوچستان میں جاری آپریشن "العزم" کے تحت بلوچستان میں تیز سے جاری میں دہشت گردی کے خاتمے اور امن وامان کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی جانب سے انٹیلی جنس پر مبنی کارروائیوں کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔ متعدد کارروائیوں میں ضلع خضدار کی تحصیل اکیجہ اور ضلع سوراب میں لفتین ایلہ دہشتگرد (یو ایل اے) سے متعلق رکھنے والے مجرمی طور پر 10 دہشت گرد ہلاک کر دیے گئے، جبکہ ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود، مواصلاتی آلات اور سیٹلائٹ فون بھی برآمد کر لیے گئے۔ ایک فوجی کے شہید ہونے کا اعلان کیا گیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی اداروں کو خضدار کے ایک علاقے میں دہشت گردوں کی نقل و حرکت سے متعلق خفیہ اطلاعات موصول ہوئی تھیں، جس پر فوری طور پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن (IBO) کیا گیا۔ اطلاعات کے مطابق دہشت گرد اپنی محفوظ پناہ گاہ کی جانب واپس جا رہے تھے، تاہم سیکیورٹی فورسز نے بھٹیش منصوبہ بندی کے تحت راستے میں ہی ان کا محاصرہ کر لیا، جس کے نتیجے میں شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کارروائی کے دوران ان کے ایک فوجی نے جام شہادت نوش کیا۔ اس کے علاوہ دہشت گرد یو ایل اے سے تعلق رکھنے والے مارے گئے۔ فورسز نے دہشت گردوں کے فرار اور اپنی پناہ گاہ تک پہنچنے کے منصوبے کو ناکام بناتے ہوئے علاقے کا مکمل کنٹرول حاصل کر لیا۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے چیرمین پبلک سروس کمیشن کیڑاش نے تعزیتی ملاقات کر رہے ہیں

نصیر آباد، نوجوان نسل کو منشیات سے بچانے کے لیے فوری کریک ڈاؤن کیا جائے، میر محمد امین خان عمرانی

جرائم میں کمی پر ایس ایس پی اسداللہ عمر کی تعریف، محمد شوری اور خان کوٹ میں منشیات فروشی کے خلاف اقدام کا مطالبہ

نصیر آباد (یوائن اے) نصیر آباد کے ممتاز خوشاب لیڈر میر محمد امین خان عمرانی نے اپنے صوبائی وزیر بلوچستان میر محمد اسلم خان عمرانی سے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ ضلع نصیر آباد میں نوجوان نسل کو منشیات جیسے ناسور کی طرف دھکیلا جا رہا ہے، جس کی روک تھام کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں انہوں نے کہا کہ ماضی میں نصیر آباد میں موٹر سائیکل سنیچنگ، ٹریکٹر چوری، اکھروں میں کھس کر مویشیوں کی چوری کرنے اور دیگر جرائم کے واقعات میں تشویشناک اضافہ دیکھنے میں آیا، جس سے علاقے میں بدامنی کی فضا پیدا ہو گئی تھی۔ تاہم، جب ایس ایس پی نصیر آباد اسداللہ باصرے اپنی فرض شناسی اور صلاحیتوں کے بل بوتے پر ضلع میں نمایاں بہتری لانے کا آغاز کیا تو جرائم میں واضح کمی آئی، اور چوری کی مکمل خاتمہ ابھی باقی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اب سب سے بڑا مسئلہ ضلع نصیر آباد، خصوصاً قاعدہ محمد شوری اور قادر خان کوٹ کی حدود میں منشیات فروشی، منشیات کی اسمگلنگ اور نوجوانوں میں منشیات کے بڑھتے ہوئے استعمال کا ہے۔

محبت پور، تین صوبوں کو ملانے والی قومی شاہراہ، فیض پُو ٹ پانی کی نذر، متعدد علاقوں کا زمینی رابطہ منقطع

انتظامیہ کی عدم توجہی پر عوام میں تشویش، سیاسی وسماجی حلقوں کا وزیراعلیٰ بلوچستان سے فوری نوٹس کا مطالبہ

محبت پور (یوائن اے) محبت پور تین صوبوں کو ملانے والی سڑک پانی کی نظر ہو گیا جس کی وجہ سے گورنا ڑی سمیت بہت سے علاقوں کا زمینی رابطہ محبت پور سے منقطع ہو چکا ہے۔ فوٹوز کے لیے ضلعی انتظامیہ نے پانچ والے جوٹوت لگائے ہیں۔ ضلعی انتظامیہ سمیت رمناٹ پر ڈیجیٹک کی تاہل ہے تین صوبوں کو ملانے والی قومی شاہراہ پانی کی نظر ہے۔

کوئٹہ میٹروپولیٹن بلوچستان جیوڈیجیٹل کھیل کے اسوار اور زیراعلیٰ ٹف پاپی گولڈ کپ کی تیاریوں کے سلسلے میں اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

بلوچستان کی پہلی خاتون کوہ پیما ملائکہ خلجی کوئٹہ پہنچ گئیں، شاندار استقبال

6 ہزار میٹر بلند چوٹی سر کرنے والی ملائکہ خلجی کا کوئٹہ ایئرپورٹ پر استقبال

کوئٹہ (یوائن اے) بلوچستان کی پہلی خاتون کوہ پیما ملائکہ خلجی کوئٹہ پہنچ گئیں، جہاں ایئرپورٹ پر ان کے رشتہ داروں اور عزیز واقارب نے پرتپاک استقبال کیا۔ کوئٹہ ایئرپورٹ پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ملائکہ خلجی نے کہا کہ بلوچستان کی پہلی خاتون کوہ پیما ہونا ان کے لیے اعزاز کی بات ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سکردو کی 6 ہزار میٹر بلند چوٹی سر کرنے کا سفر آسان نہیں تھا، اس دوران انہیں مختلف مشکلات اور چیلنجز کا سامنا کرنا پڑا، تاہم عزم اور محنت سے کامیابی حاصل کی۔ ملائکہ خلجی نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو اپنے اندر چھپی صلاحیتوں کو پہچاننا اور ان پر محنت کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں کوہ پیمائی کے وسیع مواقع موجود ہیں

نصیر آباد کے علاقے میں نامعلوم افراد نے بجلی کے ٹاور کو جھاکا کر خیر مواد سے اڑا دیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد کے علاقے میں نامعلوم افراد نے بجلی کے ٹاور کو جھاکا کر خیر مواد سے اڑا دیا۔ پولیس کے مطابق نصیر آباد کے علاقے ٹوبہ خان کوٹ پولیس تھانے کی حدود میں اوستہ محمد سے تجوبہ جانے والی بجلی کے 33 ہزار کے وی کھمبے کو نامعلوم دہشت گردوں نے بارودی سرنگ کے ذریعے اڑا دیا۔ واقعے کے بعد علاقے میں اندھیرا چھا گیا اور مقامی آبادی شدید مشکلات کا شکار ہو گئی۔ اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی

پیکچر پیشنٹس پارٹی کے ضلعی دفتر میں تقریب، میر غوث بخش بزنجو کی قومی وسیاسی خدمات کو خراج تحسین

پیکچر (یوائن اے) پیشنٹس پارٹی کے ضلعی دفتر میں ضلعی صدر حاجی محمد ایوب بلوچ اور مرکزی رہنما حاجی صالح محمد بلوچ نے میر غوث بخش بزنجو کی سیاسی فکر، جدوجہد اور قومی خدمات پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میر غوث بخش بزنجو برصغیر کے عظیم سیاسی رہنماؤں میں شمار ہوتے ہیں

ژوب اور لورالائی بارڈر ایریا میں فائرنگ، 6 افراد جاں بحق، متعدد زخمی

ژوب (یو این اے) ژوب اور لورالائی کے سرحدی علاقے ڈڈ کے مقام پر دو گروپوں کے درمیان شدید فائرنگ کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق، متعدد زخمی ہوگئے۔ زرائع کے مطابق فائرنگ کے واقعے میں ملک کریم کھرتی اور شاہ فیصل چرمی موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے، جبکہ رئیسوں کوٹوری بھی امداد کے لیے سول ہسپتال ژوب منتقل کر دیا گیا ہے۔ واقعے کے بعد علاقے میں سوگوار کشیدگی پائی جا رہی ہے، جبکہ مزید معلومات اور فائرنگ کی وجوہات سامنے نہیں آسکیں۔

اوتھل، قدیمی بشوتیہ قبرستان منتخب نمائندوں کی عدم توجہی کے باعث بنیادی سہولیات سے محروم

اوتھل (یوائن اے) ضلع لسبیلہ کے صنعتی شہر کوارٹر اوتھل میں واقع قدیمی بشوتیہ قبرستان منتخب عوامی نمائندوں کی عدم توجہی کے باعث بنیادی سہولیات سے محروم ہے، جس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ مقامی افراد کے مطابق قبرستان میں زائرین کے لیے پانی کی سہولت موجود نہیں۔

خضدار، سٹی پولیس کی کارروائی، اقدام قتل کے کیس میں مطلوب روپش ملزم گرفتار

خضدار (یوائن اے) سٹی پولیس نے اقدام قتل کے کیس میں روپش ملزم کو گرفتار کر کے مطلوبہ برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس کی کارروائی میں مزید تیز ایس ایچ او سٹی، میر عامر بلوچ اور پولیس ٹیم نے مختلف مقامات پر چھاپے مار کر کارروائی کرتے ہوئے اقدام قتل کے کیس میں مطلوب کے قبضے سے مطلوبہ برآمد کر کے تھانے میں بند کر دی۔

مستونگ کھڈ کوچہ اغوا کیس کروڑوں روپے کا سامان لے گئے

کوریئر کمپنی کے 2 ڈرائیوروں کی رہائی کے لیے 2 کروڑ 50 لاکھ تاوان کا مطالبہ

نصیر آباد، 21 روز قبل اغوا کے والی حاملہ خاتون کو مولود بچی سمیت بحفاظت بازیاب، 2 افراد گرفتار

نصیر آباد (یوائن اے) سی آئی اے نصیر آباد کے انچارج سینئر پولیس افسر سید حیدر علی شاہ نے ایس ایچ او بلوچ کالونی کو اغوا کیس اور پولیس ٹیم کے ہمراہ ضلع بھر میں کامیاب کارروائی کرتے ہوئے 21 روز قبل اغوا ہونے والی جو یہ براہوی سے تعلق رکھنے والی حاملہ خاتون کو نومولود بچی سمیت بحفاظت بازیاب کرا لیا، جبکہ کارروائی کے دوران دو مشتبہ افراد کو گرفتار بھی کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق مغوی خاتون نے میونا اغوا کاروں کی قید کے دوران ایک بچی کو جنم دیا تھا۔ پولیس کی بروقت اور مؤثر کارروائی کے نتیجے میں ماں اور نومولود بچی کو بحفاظت بازیاب کروا لیا گیا۔

کوئٹہ (یوائن اے) ضلع مستونگ کے علاقے کڈ کوچہ سے اغوا ہونے والے فجی کوریئر کمپنی کے دو ڈرائیوروں کی رہائی کے لیے سپیئر اغوا کاروں کی جانب سے 2 کروڑ 50 لاکھ روپے تاوان طلب کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے، جبکہ تاوان ادا نہ کرنے کی صورت میں مغویوں کو جان سے مارنے کی دھمکی بھی دی گئی ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق دونوں ڈرائیور کراچی سے کوئٹہ آ رہے تھے کہ مستونگ کے علاقے کڈ کوچہ کے مقام پر مسلح افراد نے انہیں روک کر اغوا کر لیا۔ دونوں افراد ایک فجی کوریئر کمپنی سے وابستہ ہیں اور پیشہ ورانہ ذمہ داریاں انجام دے رہے تھے۔ ذرائع کے مطابق مغوی ڈرائیوروں کا تعلق ہزارہ برادری سے ہے، اور دونوں قریبی رشتہ دار ہیں، جبکہ ان کا تعلق کوئٹہ سے بتایا جا رہا ہے۔ اغوا کاروں نے مبینہ طور پر ان کے ساتھ رابطہ کر کے 2 کروڑ 50 لاکھ روپے تاوان طلب کیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اغوا کاروں کی جانب سے اس خاندان کو مکمل طور پر خوف زدہ کرنے کے مقام پر مسلح افراد نے انہیں روک کر اغوا کر لیا۔ دونوں افراد ایک

حکومت کی جانب سے متعین کردہ کرایہ ہر صورت باقاعدگی سے ادا نہ کرنے پر کمشنر کوئٹہ

موٹر ویز حادثے کے مطابق کرایہ کی ادائیگی لازمی ہے اور حادثے کی صورت میں 10 فیصد کرایہ اضافی بھی ہوگا، تمام مسافروں اور کھوکھے والوں کو ایک ہفتے کے اندر اپنا چالان مرتب کرا دیں

کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کی زیر صدارت سوشل کارپوریشن کے زیر انتظام دکانوں اور تاجروں کے صدور کے ساتھ ہونے والے اجلاس میں کرایہ کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ڈویژن آغا مسح اللہ اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ ڈویژن سید نعیم اللہ، ماہمین تاجران کے صدور کے علاوہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے آفسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں میٹروپولیٹن کارپوریشن کے حکام نے بتایا کہ کرایہ کی مد میں 2 کروڑ 50 لاکھ روپے کا بقایا جات ہے، اس کے علاوہ صارفین اور کاروباری اداروں کے جانب سے مدمیں بھی بقایا کی توقعات میں بھی کمی ریکارڈ کی گئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ موجودہ شرح سود سود مدتی بنیادوں پر مہنگائی کی 5 سے 7 فیصد کے ہدف تک لانے کے لیے سنوروں سے اعلامیہ میں بتایا گیا کہ اسٹیٹ بینک کے زرمبادلہ ذخائر جون 2026ء کے اختتام پر 8 ارب ڈالر کے ہدف سے تجاوز کر گئے، جبکہ عالمی ریٹنگ ایجنسی اسٹینڈرڈ اینڈ پورز نے پاکستان کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ بہتر کرتے ہوئے اسٹیٹ بینک کے مطابق جولائی 2026ء

ڈھاکہ، ایریا کینٹن آفس کے گیٹ پر ٹائم بم دھماکہ، گیٹ کو جزوی نقصان پہنچا

ڈھاکہ (یوائن اے) ڈھاکہ میں ایریا کینٹن آفس کے مین گیٹ پر ٹائم بم کا دھماکہ ہوا ہے، جس کے نتیجے میں آفس کے گیٹ کو جزوی نقصان پہنچا ہے۔ پولیس کے مطابق واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو مکمل طور پر گھیرے میں لے لیا اور جائے وقوعہ سے تمام اہم شواہد اکٹھے کر لیے ہیں۔ ایس ایچ او ڈھاکہ پولیس نے بتایا کہ واقعے کی تمام پہلوؤں سے مزید تفتیش کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔

ڈائریکٹر سیاحت وثقافت گوہرام بنگلزئی بلوچ بلوچستان سے تعلق رکھنے والی پہلی خاتون ماڈیٹر ملائکہ گبگی کو شیلڈ دے رہے ہیں

زیارت کے صنوبر کے جنگلات کی خلاف ورزیوں کے بجائے انہیں سیکورٹی کے حوالے کیا جائے، بشیر نوخو

کوئٹہ (یوائن اے) چیئرمین نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکریٹریٹ سے جاری کردہ پریس ریلیز میں ضلع زیارت کے تاریخی، نایاب اور عالمی شہرت یافتہ صنوبر کے جنگلات، بالخصوص ہنڈی سرہ اسٹیک پوائنٹ اور گورڈواج کے علاقوں میں سیکورٹی کے نام پر صدیوں پرانے صنوبر کے درختوں کی ایف سی کی جانب سے مسلسل اور بے دریغ کٹائی پر شدید تشویش، سخت احتجاج اور گہرے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ عمل نہ صرف قدرتی ماحول، قومی ورثے اور تاریخی ثقافتی اثاثوں کی تباہی ہے بلکہ صنوبر کے درختوں کی ایف سی کی جانب سے مستقل پر ایک سنگین سوال ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ صنوبر کے جنگلات دنیا کے قدیم ترین قدرتی جنگلات میں شمار ہوتے ہیں، جن کی عمر سینکڑوں بلکہ بعض مقامات پر ہزاروں سال تک بتائی جاتی ہے۔ یہ جنگلات صوبہ، پشتونخوا، وطن اور پورے ملک کی قدرتی، تاریخی، ثقافتی اور ماحولیاتی شناخت کی علامت ہیں۔ ان جنگلات کا تحفظ ریاست، حکومت، محکمہ جنگلات اور حفاظتی اداروں کی آئینی، اخلاقی اور اخلاقی ذمہ داری ہے مگر افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ان کی حفاظت کے بجائے انہیں سیکورٹی کے نام پر تباہ کیا جا رہا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ انچارج انٹرنیشنل امریہ کے ترجمی علاقوں میں صنوبر کے درخت کاٹے جا رہے ہیں، وہ بھی طور پر ایف سی کی نگرانی، چیک پوسٹوں اور ایف سی کے کیمپ کیمپ کیمپ کاٹے جا رہے ہیں

کوئٹہ، ایئرمارشل شہزاد نے ایس پی انویسٹی گیشن سریاب ڈویژن کا چارج سنبھال لیا

کوئٹہ (یوائن اے) عطرشہید نے باقاعدہ طور پر ایس پی انویسٹی گیشن سریاب ڈویژن کی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں اور اپنے عہدے کا چارج لے کر باضابطہ طور پر کام کا آغاز کر دیا ہے۔ چارج سنبھالنے کے بعد اپنے بیان میں ایس پی انویسٹی گیشن عطرشہید کا کہنا تھا کہ شہریوں کو انصاف کی فراہمی اور ان کے مسائل کا فوری حل ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ محکمہ کی کارکردگی کو بہتر کرنے اور امن وامان کی بہتری کے لیے اہم اور مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔

سوئی، وڈیراہی بلوچستان کے حلقہ انتخاب میں بڑا سیاسی بریک تھرو، چیف کلیمر کی زیر قیادت قبائلی جرگہ حکومت اور پی پی ایل پر کڑی تنقید، 60 ارب کے فنڈز اور سن کوٹ کی سوداء بازی کی تحقیقات کا مطالبہ

سوئی (یوائن اے) وڈیراہی بلوچستان کے حلقہ انتخاب سوئی میں بڑا سیاسی بریک تھرو سامنے آیا ہے جہاں چیف آف کلیمر میر جلال خان کلیمر کی زیر قیادت اہم قبائلی جرگہ منعقد ہوا، جس میں علاقے کی محرومیوں، فنڈز کی عدم بانٹ اور پی پی ایل کے رویے کے خلاف شدت موقف اختیار کیا گیا۔ جرگے سے خطاب کرتے ہوئے چیف آف کلیمر میر جلال خان کلیمر نے کہا کہ اہل اور مفاد پرست عناصر نے ڈیرہ بگٹی کو پسماندہ رکھنے اور کرپشن کے تمام ریکارڈ توڑنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ ان کا کہنا تھا کہ پی پی ایل نے سن کوٹ پر سودے بازی کر کے مقامی لوگوں کا معاشی قتل کیا ہے جس سے کئی خاندان بچوں کی کفالت سے بھی قاصر ہو چکے ہیں۔

کوئٹہ / گوادر، چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کی زیر صدارت انڈس ہسپتال نیٹ ورک کا جائزہ اجلاس

پاک چائنا فرینڈ شپ ہسپتال میں ایم آر آئی، ڈائیلاسز یونٹ اور دیگر جدید سہولیات فراہم کرنے کا فیصلہ

کوئٹہ / گوادر (یوائن اے) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک کے زیر انتظام بلوچستان بھر میں قائم مختلف ہسپتالوں کی کارکردگی اور طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں خصوصی طور پر پی ڈی ایم اے پاک چائنا فرینڈ شپ ہسپتال گوادر کی موجودہ صورتحال، دستیاب سہولیات، آئندہ توسیعی منصوبوں اور درپیش ضروریات پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری (ترقیات) زاہد سلیم، سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمٰن، ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے معین الرحمٰن خان، انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر عبدالباری، چیف آپریٹنگ افیسر منظر اعجاز، صدیقی، ڈائریکٹر میڈیکل سروسز ڈاکٹر شاہل، ڈائریکٹر آپریشنز ڈاکٹر ذیشان فاتح زادہ، ڈپٹی کمشنر گوادر ڈاکٹر اللہ کائز، چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، ہیڈ آف کمیونیکیشن جی ڈی اے پاک چائنا فرینڈ شپ ہسپتال ڈاکٹر عاصم شیخ سمیت متعلقہ اداروں کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ گزشتہ مالی سال کے دوران ہسپتال کے لیے تقریباً ایک ارب روپے کی مالیت کے مختلف طبی آلات اور سہولیات فراہم کی گئیں، تاہم ایم آر آئی یونٹ کی تنصیب اور ڈائیلاسز یونٹ کے قیام کا منصوبہ ابھی تک مکمل نہیں کیا جا سکا۔

زیارت، صنوبر کے تاریخی جنگلات کی کٹائی پر پشتونخوا میپ کا شدید احتجاج، ایف سی سے وضاحت طلب

قومی ورثے کی تباہی کا فوری تدارک، تحقیقات اور بااختیار نگرانی کمیٹی کے قیام کا مطالبہ

کوئٹہ (یوائن اے) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکریٹریٹ سے جاری کردہ پریس ریلیز میں ضلع زیارت کے تاریخی، نایاب اور عالمی شہرت یافتہ صنوبر کے جنگلات، بالخصوص ہنڈی سرہ اسٹیک پوائنٹ اور گورڈواج کے علاقوں میں سیکورٹی کے نام پر صدیوں پرانے صنوبر کے درختوں کی ایف سی کی جانب سے مسلسل اور بے دریغ کٹائی پر شدید تشویش، سخت احتجاج اور گہرے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ عمل نہ صرف قدرتی ماحول، قومی ورثے اور تاریخی ثقافتی اثاثوں کی تباہی ہے بلکہ آنے والی نسلوں کے مستقبل پر ایک سنگین سوال ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ زیارت کے صنوبر کے جنگلات دنیا کے قدیم ترین قدرتی جنگلات میں شمار ہوتے ہیں، جن کی عمر سینکڑوں بلکہ بعض مقامات پر ہزاروں سال تک بتائی جاتی ہے۔ یہ جنگلات نہ صرف ماحولیاتی توازن، آبی ذخائر اور قدرتی ماحول کے تحفظ کے لیے اہم ہیں، بلکہ زیارت کی تاریخی شناخت اور سیاحتی اہمیت کا بھی اہم ذریعہ ہیں۔ ان جنگلات کا تحفظ ریاست، حکومت، محکمہ جنگلات اور حفاظتی اداروں کی آئینی، اخلاقی اور اخلاقی ذمہ داری ہے مگر افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ان کی حفاظت کے بجائے انہیں سیکورٹی کے نام پر تباہ کیا جا رہا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ انچارج انٹرنیشنل امریہ کے ترجمی علاقوں میں صنوبر کے درخت کاٹے جا رہے ہیں، وہ بھی طور پر ایف سی کی نگرانی، چیک پوسٹوں اور ایف سی کیمپ کیمپ کیمپ کاٹے جا رہے ہیں

ایران ان مظلوم مگر طاقت ور مجاہدین کے دفاع کو اپنی تزویراتی ذمے داری سمجھتا ہے، ایرانی سپریم لیڈر

مرکز کا ایران امن معاہدہ لبنان پر اسرائیلی حملوں کے خاتمے سے مشروط ہے، ایران

تہران (این این آئی) ایرانی سپریم لیڈر نے کہا ہے کہ ایران ان مظلوم مگر طاقت ور مجاہدین کے دفاع کو اپنی تزویراتی ذمے داری سمجھتا ہے، ایرانی سپریم لیڈر کی ترجمان اور ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل برائے بین الاقوامی تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری اپنے بیان میں کہا کہ ایران کی علاقائی سلامت کے تحفظ اور اصولی صلاح کی جارحیت کا کھل اور ناقابل تردید ثبوت ہے۔ انہوں نے اپنے متعدد بیانات میں لبنان کی حاکمیت کا احترام کرنے اور جنوبی لبنان کے عوام سے بھی انکار نہیں کیا ہے، جہاں اسرائیلی حملوں کا بازار گرم کر رہا ہے۔ شرط یہ ہے۔ انہوں نے اپنے متعدد بیانات میں لبنان کی حاکمیت کا ذکر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لبنان کی علاقائی سلامت کے تحفظ اور اصولی صلاح